"Save Trees and Protect Environment"

# PUNJAB CURRICULUM AND TEXTBOOK BOARD

21-E-II, Gulberg-III, Lahore

*Director (Curriculum)*

Dated: 11.10.2024

## NOTIFICATION

**No. PCTB/CW/2024/175:** In exercise of the powers conferred under Section 9(3)(c) of the Punjab Curriculum and Textbook Board Act, 2015 and in pursuance of the decision taken in 119th meeting of the 'BOARD' held on 20.09.2024, the Customized Curriculum / Syllabus of the "Tarjama-tul-Quran-ul-Majeed for Grades 9 & 10" for Hearing and Speaking Impaired Students **(Annex-A)** of Special Education Department, Government of the Punjab is hereby notified for implementation in due course.

**Director (Curriculum)**
Punjab Curriculum & Textbook Board

C.C:

1. PSO to the Minister for School Education Department, Government of the Punjab
2. PSO to the Minister for Special Education Department, Government of the Punjab
3. PS to the Secretary, Government of the Punjab, School Education Department
4. PS to the Secretary, Government of the Punjab, Special Education Department
5. PS to the Chairperson, Punjab Boards Committee of Chairpersons
6. PS to the Chairperson, Board of Intermediate and Secondary Education (Lahore, Rawalpindi, Multan, Gujranwala, Sargodha, Dera Ghazi Khan, Bahawalpur, Faisalabad and Sahiwal)
7. PS to the Director General, Directorate General of Special Education, Punjab
8. PA to the Director (Academics), Directorate General of Special Education, Punjab
9. PS to the Chairperson, PCTB
10. PS to the Managing Director, PCTB
11. PA to all Directors, PCTB
12. PA to the Secretary, PCTB
13. The Deputy Director (IT), PCTB with the request to upload the notification and the Customized Curriculum / Syllabus of the "Tarjama-tul-Quran-ul-Majeed for Grades 9 & 10" for Hearing and Speaking Impaired Students of Special Education Department, Government of the Punjab
14. Office File

**BOARD OF INTERMEDIATE & SECONDARY EDUCATION, SARGODHA**

Endst. No. 543-M Dated 26-10-2024

Above said Notification along with its Annexure is forwarded to all concerned / District Officer, Special Education Department Sargodha / Bhakkar/Khushab/ Mianwali for information and implementation in true letter & spirit.

24/x/24
Assistant Secretary General
For Secretary

1. District Officer, Special Education Department Sargodha
   With the request to forward the same to other Districts Special Education Department situated in Bhakkar, Khushab, & Mianwali.
2. CEOs Education (Bhakkar, Khushab, Mianwali & Sargodha)
3. Director Public Relations Sargodha.
4. Web Developer for website.
5. All concerned Braches of Board

CS CamScanner

سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، پنجاب کے

قوت گویائی و سماعت سے محروم طلبا و طالبات کے لیے

تخفیف شدہ نصاب برائے

# ترجمۃُ القرآنِ المجیدِ

برائے جماعت نہم و دہم

2024ء

Sohail
Deputy Director
Punjab Curriculum &
Textbook Board, Lahore.

پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور

# جماعت نہم (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوّزہ سرگرمیاں اور جائزہ)

| موضوعات<br>(Themes) | حاصلاتِ تعلّم<br>(Learning Outcomes) | مجوّزہ سرگرمیاں<br>(Suggested Activities) |
|---|---|---|
| **ترجمہ قرآنِ مجید**<br>1. سُوْرَۃُ مَرْیَم سے سُوْرَۃُ الْحَجّ<br>2. سُوْرَۃُ الْفُرْقَان سے سُوْرَۃُ السَّجْدَۃ<br>3. سُوْرَۃُ سَبَا سے سُوْرَۃُ ص<br>4. سُوْرَۃُ الْاَحْقَاف | طلبا و طالبات جماعت نہم کے لیے منتخب درسی مواد کی تکمیل کے بعد اس قابل ہوں گے کہ:<br>1. تلاوت قرآنِ مجید کے آداب پر عمل کر سکیں۔<br>2. متعلّقہ جماعت کے لیے مختص قرآنی سورتوں کے مکمل نام اور ان کے معانی جان سکیں۔<br>3. مذکورہ سورتوں کا تعارف کروا سکیں۔<br>4. مذکورہ سورتوں کے مرکزی مضامین اخذ کر سکیں۔<br>5. مذکورہ قرآنی سورتوں کا بامحاورہ ترجمہ کر سکیں اور ان کا فہم حاصل کر سکیں۔<br>6. منتخب قرآنی آیات کا بامحاورہ ترجمہ کر سکیں۔<br>7. منتخب سورتوں کے قرآنی الفاظ کے معانی جان سکیں۔ (جماعتِ نہم کے لیے ذخیرۂ قرآنی الفاظ کی فہرست ملاحظہ فرمائیں۔)<br>8. نصاب میں موجود قرآنی سورتوں میں مذکور دعاؤں کو ترجمہ کے ساتھ یاد کر سکیں۔ | • آدابِ تلاوت کا اعادہ<br>• نصاب میں موجود قرآنی سورتوں کا تعارف<br>• جماعت نہم کے نصاب میں مذکور قرآنی سورتوں کے بنیادی مضامین (ایمانیات، عبادات، معاملات، معاشرت اور اخلاق) پر خصوصی توجّہ<br>• قرآنی دعاؤں کی ترجمہ کے ساتھ تفہیم<br>• قرآنی نصوص/ متن سے متعلّق سوال جواب (Brain Storming)<br>• سابقہ اسباق کا اعادہ<br>• کوئز پروگرام اور حج دستاویزی فلم سے استفادہ |

| جائزہ<br>(Assessment) | |
|---|---|
| | • متعلّقہ جماعت کے لیے مقررہ حصہ قرآن مجید میں سے درج ذیل سورتوں کے تعارف اور مضامین وغیرہ پر مشتمل تفصیلی، مختصر اور کثیر الانتخابی سوالات کے ذریعے سے امتحان لیں:<br>سُورَۃُ مَریَمَ، سُورَۃُ طٰہٰ، سُورَۃُ الاَنبِیَاءِ، سُورَۃُ الحَجِّ، سُورَۃُ الفُرقَانِ، سُورَۃُ القَصَصِ، سُورَۃُ لُقمٰن، سُورَۃُ سَبَا، سُورَۃُ یٰس، سُورَۃُ الاَحقَافِ<br>• متعلّقہ جماعت کے لیے مختص ذخیرۂ قرآنی الفاظ میں سے ہی ماڈل پیپر کی طرز پر امتحان لیا جائے۔<br>• نمبروں کی تقسیم سے متعلّق ہدایات کے لیے ماڈل پیپر سے استفادہ کریں۔<br>• درج ذیل آیاتِ مبارکہ کے بامحاورہ ترجمہ کا امتحان لیا جائے:<br>i. سُوْرَۃُ مَرْیَم، آیت 30 تا 36<br>ii. سُوْرَۃُ طٰہٰ، آیت 25 تا 28<br>iii. سُوْرَۃُ الْاَنْبِیَاء، آیت 33 تا 35<br>iv. سُوْرَۃُ الْحَجّ، آیت 67 تا 69 |

Sohail
Deputy Director
Punjab Curriculum &
Textbook Board, Lahore.



CamScanner

| | |
|---|---|
| | v. سُوْرَۃُ الفُرْقان، آیت 63 تا 68<br>vi. سُوْرَۃُ الاَحْقَاف، آیت 13 تا 15 |
| **ہدایت برائے تدریسی معیارات** | پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور کی شائع کردہ کتاب ترجمۃ القرآن المجید برائے جماعت نہم کی تدریس کے لیے سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب، کے ماہرین قوتِ گویائی و سماعت سے محروم طلبا و طالبات کی سہولت اور ضرورت کے پیشِ نظر مذکورہ نصاب کی تعلیم میں تدریسی معیارات طے کر سکتے ہیں۔ |

Sohail
Deputy Director
Punjab Curriculum &
Textbook Board, Lahore



CamScanner

# جماعت دہم (موضوعات، حاصلاتِ تعلّم، مجوّزہ سرگرمیاں اور جائزہ)

| موضوعات<br>(Themes) | حاصلاتِ تعلّم<br>(Learning Outcomes) | مجوّزہ سرگرمیاں<br>(Suggested Activities) |
| --- | --- | --- |
| **ترجمہ قرآنِ مجید**<br>1. سُوْرَۃُ الْاَنْعَام<br>2. سُوْرَۃُ الْاَعْرَاف<br>3. سُوْرَۃُ یُوْنُس سے سُوْرَۃُ الْکَھْف (علاوہ سُوْرَۃُ یُوْسُف)<br>4. سُوْرَۃُ الْمُؤْمِنُوْن<br>5. سُوْرَۃُ الزُّمر سے سُوْرَۃُ الشُّوْرٰی | طلبا و طالبات جماعت دہم کے لیے منتخب درسی مواد کی تکمیل کے بعد اس قابل ہوں گے کہ:<br>1. تلاوت قرآنِ مجید کے آداب پر عمل کر سکیں۔<br>2. متعلّقہ جماعت کے لیے مختص قرآنی سورتوں کے مکمل نام اور ان کے معانی جان سکیں۔<br>3. مذکورہ سورتوں کا تعارف کروا سکیں۔<br>4. مذکورہ سورتوں کے مرکزی مضامین اخذ کر سکیں۔<br>5. مذکورہ قرآنی سورتوں کا بامحاورہ ترجمہ کر سکیں اور ان کا فہم حاصل کر سکیں۔<br>6. منتخب قرآنی آیات کا بامحاورہ ترجمہ کر سکیں۔<br>7. منتخب سورتوں کے قرآنی الفاظ کے معانی جان سکیں۔ (جماعتِ دہم کے لیے ذخیرۂ قرآنی الفاظ کی فہرست ملاحظہ فرمائیں۔)<br>8. نصاب میں موجود قرآنی سورتوں میں مذکور قرآنی دعاؤں کو ترجمہ کے ساتھ یاد کر سکیں۔ | • آدابِ تلاوت کا اعادہ<br>• نصاب میں موجود قرآنی سورتوں کا تعارف<br>• جماعت دہم کے نصاب میں مذکور قرآنی سورتوں کے بنیادی مضامین (ایمانیات، عبادات، معاملات، معاشرت اور اخلاق) پر خصوصی توجّہ<br>• سُوْرَۃُ بَنِیْ اِسْرَائِیْل کی آیت 23 اور 24 کی روشنی میں والدین کے حقوق تحریر کرنا<br>• قرآنی دعاؤں کی ترجمہ کے ساتھ تفہیم<br>• قرآنی نصوص/ متن سے متعلّق سوال جواب (Brain Storming)<br>• سابقہ اسباق کا اعادہ<br>• کوئز پروگرام، آن لائن ایپ اور دستاویزی فلم سے استفادہ |
| جائزہ<br>(Assessment) | • متعلقہ جماعت کے لیے مقررہ حصہ قرآن مجید میں سے درج ذیل سورتوں کے تعارف اور مضامین وغیرہ پر مشتمل تفصیلی، مختصر اور کثیر الانتخابی سوالات کے ذریعے سے امتحان لیں:<br>سُوْرَۃُ الْاَنْعَام، سُوْرَۃُ الْاَعْرَاف، سُوْرَۃُ النَّحْل، سُوْرَۃُ بَنِیْ اِسْرَائِیْل، سُوْرَۃُ الْکَھْف، سُوْرَۃُ الْمُؤْمِنُوْن، سُوْرَۃُ الزُّمَر، سُوْرَۃُ الشُّوْرٰی<br>• متعلّقہ جماعت کے لیے مختص ذخیرۂ قرآنی الفاظ میں سے ہی ماڈل پیپر کی طرز پر امتحان لیا جائے۔<br>• نمبروں کی تقسیم سے متعلّق ہدایات کے لیے ماڈل پیپر سے استفادہ کریں۔<br>• درج ذیل آیاتِ مبارکہ کے بامحاورہ ترجمہ کا امتحان لیا جائے:<br>• سُوْرَۃُ الْاَنْعَام، آیت 153<br>• سُوْرَۃُ الْاَعْرَاف، آیت 158<br>• سُوْرَۃُ النَّحْل، آیت 90<br>• سُوْرَۃُ بَنِیْ اِسْرَائِیْل، آیت 23 تا 35<br><br>Sohail<br>Deputy Director<br>Punjab Curriculum &<br>Textbook Board, Lahore | |



CamScanner

| | |
|---|---|
| | • سُوْرَۃُ الکَہف، آیت 07تا08<br>• سُوْرَۃُ الکَہف، آیت110<br>• سُوْرَۃُ المُؤمِنُوْن، آیت 1 تا 04<br>• سُوْرَۃُ الزُّمَر، آیت09 تا12<br>• سُوْرَۃُ الزُّمَر، آیت53<br>• سُوْرَۃُ الشُّوْرٰی، آیت23<br>• سُوْرَۃُ الشُّوْرٰی، آیت37اور 38<br>Sohail<br>Deputy Director<br>Punjab Curriculum &<br>Textbook Board, Lahore. |
| ہدایت برائے تدریسی معیارات | پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور کی شائع کردہ کتاب ترجمۃ القرآن المجید برائے جماعت دہم کی تدریس کے لیے سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب، کے ماہرین قوتِ گویائی وسماعت سے محروم طلبا وطالبات کی سہولت اور ضرورت کے پیشِ نظر مذکورہ نصاب کی تعلیم میں تدریسی معیارات طے کر سکتے ہیں۔ |



CS CamScanner

# ماڈل پیپر برائے جماعت نہم

کل نمبر 50 | وقت: دو گھنٹے

## حصّہ اوّل (معروضی)

1- درست جواب کی نشان دہی کریں: (10x1=10)

| | | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | حبشہ کے بادشاہ کو کہا جاتا تھا: | نجاشی | قیصر | کسریٰ | فرعون |
| 2 | سُورَۃُ طٰہٰ کو سن کر مسلمان ہوئے: | حضرت عمر | حضرت عثمان | حضرت علی | حضرت زبیر |
| 3 | ہر شخص اپنے اعمال کا جواب دہ ہے: | اساتذہ کو | پولیس کو | اللہ تعالیٰ کو | بزرگوں کو |
| 4 | سُورَۃُ الحَجّ ہے: | مکی | مدنی | مکی مدنی | ان میں سے کوئی نہیں |
| 5 | سُورَۃُ الفُرقَانِ کے آخر میں صفات بیان کی گئی ہیں: | مجاہدین کی | تاجروں کی | شہیدوں کی | رحمان کے بندوں کی |
| 6 | قارون کا تعلق تھا: | بنی اسرائیل سے | قومِ عاد سے | قومِ لوط سے | قومِ ثمود سے |
| 7 | حضرت لقمان اہلِ عرب میں مشہور تھے: | تاجر | شاعر | حکیم ودانا | خطیب |
| 8 | انسان کی عظمت ہے: | عہدے میں | مال میں | محنت میں | طاقت میں |
| 9 | سُورَۃُ یٰسٓ کی آیات کی تعداد ہے: | 80 | 81 | 82 | 83 |
| 10 | احقاف کا معنی ہے: | آبشاریں | جنگلات | ریت کے ٹیلے | پہاڑ |

## حصّہ دوم (انشائی)

2- کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے: (2x5=10)

i. ہجرتِ حبشہ کا سبب کیا تھا؟

ii. سُورَۃُ طٰہٰ کا یہ نام کیوں رکھا گیا؟

iii. سُورَۃُ الاَنبِیَاءِ کا خلاصہ کیا ہے؟

iv. سُورَۃُ الحَجّ کے اہم علمی و عملی نکات میں سے دو تحریر کیجیے۔

v. سُورَۃُ الفُرقَانِ کو یہ نام کیوں دیا گیا؟

vi. قارون کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

vii. حضرت لقمان کون تھے؟

viii. قومِ سبا کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

ix. سُورَۃُ یٰسٓ کی ایک فضیلت تحریر کیجیے۔

x. قومِ عاد کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

Sohail
Deputy Director
Punjab Curriculum &
Textbook Board, Lahore



CamScanner

3-درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ قرآنی الفاظ کے معنی لکھیے: (5x1=05)

| | | | |
|---|---|---|---|
| قَالَ | اِذَا | يَقُوْلُ | صَدْرِيْ |
| عَبْدُ اللهِ | رَبَّنَا | ثُمَّ | تَعْمَلُوْنَ |
| | يَمْشُوْنَ | اَرْبَعِيْنَ | |

4-درج ذیل میں سے کوئی سے تین اجزا کا بامحاورہ ترجمہ لکھیے: (3x5=15)

i. وَقَالَ اِنِّيْ عَبْدُ اللهِ ۗ اٰتٰىنِيَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِيْ نَبِيًّا ۙ

ii. قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ۙ وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ ۙ

iii. اَللهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ

iv. وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا

v. وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا

vi. اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ جَزَآءً ۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ

5-درج ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر نوٹ لکھیں: (10)

i. سُوْرَةُ الْحَجّ کے تعارف اور مضامین پر روشنی ڈالیں۔

ii. سُوْرَةُ الْفُرْقَان کے تعارف اور مضامین کو تفصیل سے بیان کریں۔

iii. سُوْرَةُ الْاَحْقَاف کے تعارف اور مضامین پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

-1 سوال نمبر 1 مرتب کرتے وقت جائزے کے لیے منتخب شدہ دس (10) سورتوں کے تعارف اور مضامین وغیرہ میں سے کثیر الانتخابی سوالات بنائے جائیں۔

-2 سوال نمبر 2 مرتب کرتے وقت جائزے کے لیے منتخب شدہ دس (10) سورتوں کے تعارف اور مضامین وغیرہ میں سے مختصر سوالات بنائے جائیں۔

-3 سوال نمبر 3 مرتب کرتے وقت جماعت نہم کے نصاب میں متعین کردہ قرآنی الفاظ کے ذخیرہ سے الفاظ کے معنی پوچھے جائیں۔

-4 سوال نمبر 4 مرتب کرتے وقت جائزے کے لیے منتخب آیاتِ مبارکہ میں سے ہی بامحاورہ ترجمہ پوچھا جائے۔

-5 سوال نمبر 5 مرتب کرتے وقت جائزے کے لیے منتخب شدہ دس (10) سورتوں کے تعارف اور مضامین وغیرہ میں سے تفصیلی سوالات بنائے جائیں۔

Sohail
Deputy Director
Punjab Curriculum &
Textbook Board, Lahore



CamScanner

# ماڈل پیپر برائے جماعت دہم

کل نمبر 50 　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　وقت: دو گھنٹے

## حصّہ اوّل (معروضی)

1- درست جواب کی نشان دہی کریں: 　　　　　　　　(10x1=10)

| | | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | الانعام کا معنی ہے: | مویشی | نعمتیں | سواریاں | بت |
| 2 | مشرکین کے نزدیک حلت و حرمت کا معیار تھا: | سابقہ آسمانی کتب | خود ساختہ عقائد | ایرانی تہذیب | عجمی تہذیب |
| 3 | غصے کی حالت میں پڑھنے کی نصیحت کی گئی ہے: | تسمیہ | تعوذ | تسبیح | تحمید |
| 4 | سُورَۃُ الاَعۡرَافِ میں مذکور نور سے مراد ہے: | تورات | زبور | انجیل | قرآنِ مجید |
| 5 | جس کا جتنا حق ہے اسے اتنا ہی عطا کرنا کہلاتا ہے: | عدل | احسان | ایثار | وصیت |
| 6 | اسراء کا معنی ہے: | رات کو سیر کرانا | دن کو سیر کرانا | والدین کا ادب کرنا | بلندی پر سفر کرنا |
| 7 | کہف کا معنی ہے: | گھر | بازار | جنگل | غار |
| 8 | اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح کی قوم پر عذاب نازل فرمایا: | سیلاب کا | آگ کا | چیخ کا | پتھروں کا |
| 9 | دوسری بار صور پھونکے جانے کے فوراً بعد لوگ جائیں گے: | قبر میں | جنت میں | جہنم میں | محشر میں |
| 10 | سُورَۃُ الشُّوریٰ میں باہمی معاملات سے متعلق مسلمانوں کو نصیحت کی گئی: | مشاورت کی | صبر و تحمل کی | استقامت کی | ایثار کی |

## حصّہ دوم (انشائی)

2- کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے: 　　　　　　　　(2x5=10)

i. سُوۡرَۃُ الاَنۡعَام کا مرکزی موضوع کیا ہے؟

ii. سُوۡرَۃُ الاَنۡعَام کی روشنی میں کوئی سے دو معاشرتی احکام بیان کریں۔

iii. مقامِ اعراف سے کیا مراد ہے؟

iv. سُورَۃُ الاَعۡرَافِ میں کتنے رکوع اور آیات ہیں؟

v. سُورَۃُ النَّحۡلِ میں کن دو گروہوں کا ذکر کیا گیا ہے؟

vi. واقعہ معراج کے بارے میں مختصراً تحریر کریں۔

vii. یاجوج و ماجوج سے کیا مراد ہے؟

viii. سُورَۃُ المُؤۡمِنُوۡنَ میں مومنین کی بیان کردہ دو صفات تحریر کریں۔

ix. سُورَۃُ الزُّمَرِ کی فضیلت میں ایک حدیث مبارک کا ترجمہ تحریر کریں۔

x. مشاورت کی اہمیت بیان کریں۔

Sohail
Deputy Director
Punjab Curriculum &
Textbook Board, Lahore



CS CamScanner

3-درج ذیل میں سے پانچ قرآنی الفاظ کے معنی لکھیے: (5x1=05)

| | | | |
|---|---|---|---|
| هٰذَا | اِنَّ | اَوْ | عَلٰی |
| وَاحِدٌ | الصّٰبِرُوْنَ | اَنَا | اِنْ |
| | غَفُوْرٌ | الصَّلٰوةَ | |

4-درج ذیل میں سے تین اجزا کا با محاورہ اردو ترجمہ لکھیے: (3x5=15)

i. وَ اَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ ۚ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ

ii. اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ ؕ وَ كَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ﴿۲۷﴾

iii. اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ يَقْدِرُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ﴿۳۰﴾

iv. اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ﴿۷﴾

v. فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾

vi. قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ؕ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۹﴾

5-درج ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر نوٹ لکھیں: (10)

i. سُوْرَةُ الْاَنْعَام کے تعارف اور مضامین پر نوٹ لکھیں۔

ii. سُوْرَةُ الْكَهْف کے تعارف اور مضامین پر روشنی ڈالیں۔

iii. سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْن کے تعارف اور مضامین کو تفصیل سے بیان کریں۔

-1 سوال نمبر 1 مرتب کرتے وقت جائزے کے لیے منتخب شدہ آٹھ (8) سورتوں کے تعارف اور مضامین وغیرہ میں سے کثیر الانتخابی سوالات بنائے جائیں۔

-2 سوال نمبر 2 مرتب کرتے وقت جائزے کے لیے منتخب شدہ آٹھ (8) سورتوں کے تعارف اور مضامین وغیرہ میں سے مختصر سوالات بنائے جائیں۔

-3 سوال نمبر 3 مرتب کرتے وقت جماعت دہم کے نصاب میں متعین کردہ قرآنی الفاظ کے ذخیرہ سے الفاظ کے معنی پوچھے جائیں۔

-4 سوال نمبر 4 مرتب کرتے وقت جائزے کے لیے منتخب آیاتِ مبارکہ میں سے ہی بامحاورہ ترجمہ پوچھا جائے۔

-5 سوال نمبر 5 مرتب کرتے وقت جائزے کے لیے منتخب شدہ آٹھ (8) سورتوں کے تعارف اور مضامین وغیرہ میں سے تفصیلی سوالات بنائے جائیں۔

Sohail
Deputy Director
Punjab Curriculum &
Textbook Board, Lahore.



CamScanner

# ذخیرۂ قرآنی الفاظ برائے جماعت نہم

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| قَالَ | وہ بول اٹھا | عَبْدُ اللّٰهِ | اللہ کا بندہ |
| اَيْنَ | جہاں بھی | اَلسَّلٰمُ | سلامتی ہے |
| ذٰلِكَ | وہ/یہ | اِذَا | جب |
| يَقُوْلُ | وہ کہتا ہے | كُنْ | ہو جا |
| اِلٰى | کے پاس | اشْرَحْ | کھول دے |
| صَدْرِي | میرا سینہ | يَسِّرْ | آسان بنا دے |
| خَلَقَ | اس نے بنائے | كُلٌّ | ہر |
| الْخٰلِدُوْنَ | ہمیشہ رہنے والے | فِتْنَةً | آزمائش |
| ادْعُ | بلاتے رہیں | تَعْمَلُوْنَ | تم کر رہے ہو |
| يَمْشُوْنَ | وہ چلتے ہیں | يَبِيْتُوْنَ | وہ راتیں گزارتے ہیں |
| رَبَّنَا | اے ہمارے رب! | بَيْنَ | درمیان |
| ثُمَّ | پھر | خَوْفٌ | خوف |
| اُولٰٓئِكَ | یہی لوگ | اُمُّهٗ | اس کی ماں نے |
| ثَلٰثُوْنَ | تیس | اَرْبَعِيْنَ | چالیس |
| ذُرِّيَّتِيْ | میری اولاد | تُبْتُ | میں توبہ کرتا ہوں |

Sohail

Deputy Director
Punjab Curriculum &
Textbook Board, Lahore.



CamScanner

# ذخیرۂ قرآنی الفاظ برائے جماعت دہم

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| هٰذَا | یہ | عَنْ | سے |
| قُلْ | آپ فرما دیجیے | هُوَ | وہ |
| اِنَّ | بے شک | یَاْمُرُ | حکم فرماتا ہے |
| رَبُّكَ | آپ کے رب نے | اَوْ | یا |
| لَهُمَا | ان دونوں کو | اَعْلَمُ | خوب جانتا ہے |
| اِنْ | اگر | اِخْوَانَ | بھائی |
| جَعَلْنَا | ہم نے بنایا ہے | عَلَى | پر |
| اَنَا | میں | بَشَرٌ | بشر (انسان) |
| اِلٰهُكُمْ | تمھارا معبود | وَاحِدٌ | ایک |
| اَفْلَحَ | کامیاب ہو گئے | الَّذِیْنَ | جو لوگ |
| یَرْجُوْا | امید رکھتا ہے | هَلْ | کیا |
| الصّٰبِرُوْنَ | صبر کرنے والے | اُمِرْتُ | مجھے حکم دیا گیا ہے |
| لَا تَقْنَطُوْا | مایوس نہ ہونا | یَغْفِرُ | معاف فرما دیتا ہے |
| یُبَشِّرُ | خوش خبری دیتا ہے | غَفُوْرٌ | بڑا ہی بخشنے والا |
| الصَّلٰوةَ | نماز | شُوْرٰی | مشورہ |

Sohail
Deputy Director
Punjab Curriculum &
Textbook Board, Lahore

CS CamScanner

# نصابی کمیٹی

برائے

سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، پنجاب کے قوتِ گویائی اور سماعت سے محروم طلبا و طالبات کے لیے

تخفیف شدہ نصاب برائے ترجمۃ القرآن المجید برائے جماعت نہم و دہم

زیرِ نگرانی:

عامر ریاض

ڈائریکٹر (شعبہ نصاب)، پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور

| شمار | نام | عہدہ و ادارہ |
|---|---|---|
| .1 | ڈاکٹر محمد اکرم ورک | پروفیسر، گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج، سیٹلائیٹ ٹاؤن، گوجرانوالہ |
| .2 | ڈاکٹر محمد اویس سرور | شعبہ عربی و علومِ اسلامیہ، گورنمنٹ اسلامیہ کالج، لاہور کینٹ |
| .3 | زرینہ واحد | وائس پرنسپل، گورنمنٹ نیشنل سپیشل ایجوکیشن سنٹر، جوہر ٹاؤن، لاہور |
| .4 | محمد عثمان بیگ | سینئر سپیشل ایجوکیشن ٹیچر، سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، پنجاب |
| .5 | ڈاکٹر عبد الغفور | سینئر سکول ٹیچر، گورنمنٹ ہائی سکول، مندر روڈ، چنیوٹ |
| .6 | ڈاکٹر محمد سہیل سرور | ڈپٹی ڈائریکٹر (شعبہ نصاب) پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور |
| .7 | ڈاکٹر شاہ عبد الرؤف | سینئر سبجیکٹ سپیشلسٹ، شعبہ مسودات، پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور |

Sohail

Deputy Director
Punjab Curriculum &
Textbook Board, Lahore.



CamScanner

# امتحانی پرچہ اسلامیات لازمی برائے جماعت نہم کی تیاری کے لیے ہدایات

## ممتحنین (Paper Setters) کے لیے ضروری ہدایات

اسلامیات لازمی برائے جماعت نہم کا سالانہ پرچہ 100 نمبروں پر مشتمل ہوگا، جس کے لیے طلبہ کو تین گھنٹے کا وقت دیا جائے گا۔ یہ پرچہ تین اجزا پر مشتمل ہوگا، جس کی تقسیم/Pairing Scheme حسب ذیل ہے:

حصہ اول: کثیر الانتخابی سوالات (کل نمبر 20)

حصہ دوم: مختصر سوالات (کل نمبر 40)

حصہ سوم: (i) ترجمہ احادیث مبارکہ (10)، (ii) مشاہیر پر مختصر نوٹ (10)، (iii) تفصیلی سوالات (20)

اسلامیات لازمی برائے جماعت نہم کے مندرجہ بالا تینوں حصوں کے مختلف سوالات کی تیاری کے لیے درج ذیل ہدایات کو ملحوظ رکھیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| حصہ اوّل | سوال نمبر 1: کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) | (کل نمبر 20) | کثیر الانتخابی سوالات کی تیاری کے لیے پوری کتاب کے متن کو ملحوظ رکھیں۔ جس کی تقسیم حسب ذیل ہے: باب اول، باب چہارم، باب پنجم، باب ششم اور باب ہفتم میں سے دو دو سوالات، باب دوم میں سے چار اور باب سوم میں سے چھ کثیر الانتخابی سوالات بنائے جائیں۔ |
| حصہ دوم | سوال نمبر 2: مختصر سوالات | (کل نمبر 12) | اس حصے میں کل نو (9) مختصر سوالات بنائے جائیں، جن میں سے چھ (6) سوالات کے جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے کے سوالات صرف باب اول اور باب دوم سے پوچھے جائیں اور صرف مشقوں میں دیے گئے مختصر سوالات ہی پرچے میں شامل کیے جائیں۔ باب اوّل میں دیے گئے اسمائے حسنیٰ کا ترجمہ بھی مختصر سوالات میں شامل کیا جائے۔ (ہر باب سے کم از کم تین سوال اور اسماء حسنیٰ میں سے کم از کم ایک ضرور شامل کریں۔) |
| | سوال نمبر 3: مختصر سوالات | (کل نمبر 12) | اس حصے میں کل نو (9) مختصر سوالات بنائے جائیں، جن میں سے چھ (6) سوالات کے جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے کے سوالات صرف باب سوم اور باب چہارم سے پوچھے جائیں اور صرف مشقوں میں دیے گئے مختصر سوالات ہی پرچے میں شامل کیے جائیں۔ (ہر باب سے کم از کم چار سوال ضرور شامل کریں۔) |
| | سوال نمبر 4: مختصر سوالات | (کل نمبر 16) | اس حصے میں کل بارہ (12) سوالات بنائے جائیں، جن میں سے آٹھ (8) سوالات کے جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے کے سوالات صرف باب پنجم، ششم اور ہفتم سے پوچھے جائیں اور صرف مشقوں میں دیے گئے مختصر سوالات ہی پرچے میں شامل کیے جائیں۔ (ہر باب سے کم از کم تین سوال ضرور شامل کریں۔) |
| حصہ سوم | سوال نمبر 5: احادیث کا ترجمہ | (کل نمبر 10) | باب اوّل میں دی گئی بیس منتخب احادیث میں سے چار احادیث پرچے میں دی جائیں، جن میں سے دو کا ترجمہ پوچھا جائے۔ ایک حدیث کا ترجمہ کرنے کے کل نمبر پانچ (5) ہیں۔ نوٹ: احادیث کا ترجمہ صرف باب اول میں دی گئی منتخب احادیث میں سے ہی پوچھا جائے، کتاب میں دوسرے مقامات پر دی گئی احادیث کا ترجمہ اس جگہ نہ پوچھا جائے۔ |

Web version of PCTB Model Paper

CamScanner

| | | | |
|---|---|---|---|
| | سوال نمبر 6: شخصیات | (کل نمبر 10) | باب ششم میں دی گئی شخصیات میں سے چار شخصیات کے بارے میں سوال پوچھا جائے اور ان میں سے دو شخصیات پر مختصر نوٹ لکھنے کو کہا جائے۔ ان چار شخصیات کا انتخاب کرنے کے لیے درج ذیل چار طبقات میں سے ایک ایک شخصیت لی جائے:<br>(1) اہل بیت وصحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم (2) صحابیات رضی اللہ تعالیٰ عنہنّ<br>(3) علماء ومفکرین رحمۃ اللہ علیہم (4) صوفیہ کرام رحمۃ اللہ علیہم |
| | سوال نمبر 7: تفصیلی سوالات | (کل نمبر 20) | کتاب کی مشقوں میں دیے گئے تفصیلی سوالات میں سے چار (4) دیے جائیں اور ان میں سے دو سوالوں کا جواب پوچھا جائے۔ ہر سوال کا جواب دس نمبر (10) پر مشتمل ہوگا۔ ان چار (4) سوالوں کے لیے اجزا کا انتخاب درج ذیل ترتیب کے مطابق کیا جائے:<br>(i) پہلا جز باب اول یا باب چہارم سے لیا جائے۔ (ii) دوسرا جز باب دوم سے لیا جائے۔<br>(iii) تیسرا جز باب سوم سے لیا جائے۔ (iv) چوتھا جز باب پنجم سے لیا جائے۔<br>نوٹ: باب ششم اور باب ہفتم سے کوئی تفصیلی سوال امتحانی پرچے کا حصہ نہ بنایا جائے۔ |

## ماڈل پرچہ اسلامیات (لازمی) برائے جماعت نہم

کل نمبر : 100 وقت: 3 گھنٹے

### (حصہ اوّل)

**سوال نمبر 1: درست جواب کا انتخاب کیجیے: (20)**

(1) تمام مسلمانوں کو ایک قراءت اور لہجے پر متفق کرنے والی شخصیت ہیں:

(الف) حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ (ب) حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (ج) حضرت علی کرم اللہ وجہہ (د) حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(2) اللہ تعالیٰ کو ہر چیز کا خالق، مالک اور رازق ماننا کہلاتا ہے:

(الف) توحیدِ ربوبیت (ب) توحیدِ الوہیت (ج) توحیدِ اسماء (د) توحیدِ صفات

(3) پانچ نمازیں گناہوں کا ایسے خاتمہ کرتی ہیں جیسے پانی:

(الف) میل کا (ب) زنگ کا (ج) لوہے کا (د) لکڑی کا

(4) فتحِ مکہ کے موقع پر نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے خانہ کعبہ کی چابی سپرد کی:

(الف) حضرت طلحہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے (ب) حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے (ج) حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے (د) حضرت عثمان بن طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے

(5) غزوہ حنین کے دوران میں نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے کفار مکہ پر پھینکی:

(الف) مٹھی بھر خاک (ب) زنجیر (ج) تلوار (د) زرہ

(6) انصاری میزبان نے مہمان کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

(الف) خود بھوکے رہے اور اس کو کھلایا (ب) بچوں کے ساتھ اسے کھانا کھلایا (ج) اسے مال ودولت عطا کی (د) اسے کھجوریں عطا کیں

(7) ابلیس نے حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے سے انکار کیا:

(الف) تکبر کی وجہ سے (ب) مال ودولت کی وجہ سے (ج) کثرتِ علم کی وجہ سے (د) فرشتوں کا سردار ہونے کی وجہ سے

(8) قسم کے کفارے کی ایک صورت کتنے مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے؟

(الف) چار (ب) چھ (ج) آٹھ (د) دس

Web version of PCTB Model Paper

CamScanner

(9) حضرت سیدنا امام زین العابدین رَحْمَۃُاللہِ عَلَیْہِ سپردِ خاک ہوئے:

(الف) دمشق میں (ب) بصرہ میں (ج) کوفہ میں (د) مدینہ منورہ میں

(10) کون سا مومن بہتر قرار دیا گیا ہے؟

(الف) مال دار (ب) طاقت ور (ج) کمزور (د) مفلس

(11) حدیث کو جمع کرنا اور کتابی شکل دینا کہلاتا ہے:

(الف) تدوینِ حدیث (ب) فضیلتِ حدیث (ج) روایتِ حدیث (د) درایتِ حدیث

(12) جب نبی اکرم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واَصحابہٖ وسلم روضہ مبارک سے باہر تشریف لائیں گے تو آپ کے دائیں طرف ہوں گے:

(الف) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ (ب) حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ (ج) حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ (د) حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(13) نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واَصحابہٖ وسلم نے عمرے ادا فرمائے:

(الف) دو (ب) چار (ج) چھے (د) آٹھ

(14) غزوہ تبوک کے موقع پر حضرت کعب بن مالک رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کی توبہ قبول ہوئی:

(الف) سچ بولنے کی وجہ سے (ب) وعدہ پورا کرنے کی وجہ سے (ج) سخاوت کی وجہ سے (د) کفایت شعاری کی وجہ سے

(15) حج اور عمرے کے لیے اکٹھا احرام باندھنا کہلاتا ہے:

(الف) حج مبرور (ب) حجِ قران (ج) حج تمتع (د) حج افراد

(16) نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واَصحابہٖ وسلم نے حضرت حلیمہ سعدیہ رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہَا کے استقبال کے لیے:

(الف) اپنی چادر ان کے قدموں میں بچھائی (ب) امہات المومنین کو بھیجا (ج) خواتین کا ایک وفد بھیجا (د) جانور قربان کیے

(17) کسی چیز، دن یا مہینے کو برا سمجھنا کہلاتا ہے:

(الف) بدشگونی (ب) جادو (ج) فال (د) علمِ نجوم

(18) 2018ء میں دہشت گردی کے خلاف جاری ہونے والے فتویٰ کو کہا جاتا ہے:

(الف) دستورِ پاکستان (ب) آئینِ پاکستان (ج) تعزیراتِ پاکستان (د) پیغام پاکستان

(19) حضرت انس بن مالک رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ کو کمال حاصل تھا:

(الف) علمِ حدیث میں (ب) علم انساب میں (ج) علم نجوم میں (د) علمِ فلکیات میں

(20) پہلی وحی میں حکم دیا گیا:

(الف) نماز کا (ب) زکوٰۃ کا (ج) پڑھنے کا (د) پاک صاف رہنے کا

## (حصہ دوم)

سوال نمبر 2: درج ذیل میں سے چھے سوالوں کے مختصر جواب دیجیے: (6×2=12)

(1) حضرت عثمان رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُ نے سب مسلمانوں کو ایک قراءت پر کس طرح متحد کیا؟

(2) دورِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واَصحابہٖ وسلم میں حفاظتِ حدیث کے کوئی سے دو ذرائع لکھیں۔

(3) اَلْمُقْسِطُ کا ترجمہ تحریر کریں۔

(4) انبیائے کرام علیہم السلام کی کوئی سی دو خصوصیات تحریر کریں۔

(5) حدیثِ جبریل علیہ السّلام کی روشنی میں تعلیم و تعلم کے کوئی سے دو آداب لکھیں۔

(6) اَلرَّءُوْفُ کا ترجمہ کریں۔

(7) نماز کی کوئی سی دو شرائط تحریر کریں۔

(8) رمضان المبارک کے دو مسنون اعمال تحریر کریں۔

(9) قربانی کے کوئی سے دو احکام تحریر کریں۔

Web version of PCTB Model Paper

CamScanner

**سوال نمبر 3: درج ذیل میں سے چھے سوالوں کے مختصر جواب دیجیے: (2x6=12)**

(1) فتح مکہ کے موقع پر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کیا سعادت نصیب ہوئی؟
(2) غزوہ حنین کے موقع پر نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے مسلمانوں کا حوصلہ بڑھانے کے لیے کیا ارشاد فرمایا؟
(3) وفد بنو تمیم کو بارگاہِ رسالت میں حاضری کے وقت سکھائے گئے آداب میں سے کوئی سے دو لکھیں۔
(4) نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نے آخری لمحات میں کیا وصیت فرمائی؟
(5) غدیرِ خم کے حوالے سے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فضیلت بیان کریں۔
(6) رشک اور حسد میں فرق لکھیں۔
(7) پردہ پوشی کے حوالے سے دورِ حاضر میں میڈیا کی کیا ذمہ داری ہے؟
(8) غیبت اور بہتان میں کیا فرق ہے؟
(9) نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کون سی دعا پڑھ کر حضرات حسنین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہما پر دم کیا کرتے تھے؟

**سوال نمبر 4: درج ذیل میں سے آٹھ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے: (2x8=16)**

(1) جھوٹی قسم کے کوئی سے دو نقصانات تحریر کریں۔
(2) اسلامی ریاست کی نمایاں خصوصیات کیا ہیں؟
(3) "پیغامِ پاکستان" سے کیا مراد ہے؟
(4) سچی گواہی کے کوئی سے دو اثرات تحریر کریں۔
(5) حضرت امام زید بن علی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت کرنے والے دو محدثین کے نام لکھیں۔
(6) مستقبل کی منصوبہ بندی کے حوالے سے اسوۂ حسنہ سے ایک مثال تحریر کریں۔
(7) امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کن علوم کے ماہر تھے؟ کوئی سے دو نام لکھیں۔
(8) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی اہلِ بیت اطہار سے محبت کا کوئی ایک واقعہ بیان کریں۔
(9) حضرت اُمِ عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا مختصر تعارف بیان کریں۔
(10) حضرت مولانا عبدالرحمن جامی رحمۃ اللہ علیہ کی نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم سے عقیدت و محبت بیان کریں۔
(11) اسلامی تہذیب میں احترامِ رسالت مآب خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کا کیا مقام ہے؟
(12) ہمیں اپنی جسمانی اور ذہنی صحت کو بہتر بنانے کے لیے کیا کرنا چاہیے؟

## (حصہ سوم)

**سوال نمبر 5: درج ذیل میں سے کوئی سی دو احادیث مبارکہ کا اردو ترجمہ کیجیے: (5+5=10)**

(الف) اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ، لَا یَظْلِمُهٗ، وَلَا یَخْذُلُهٗ، وَلَا یَحْقِرُهٗ
(ب) لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الرَّاشِيْ وَالْمُرْتَشِيْ
(ج) اَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا اللّٰهَ وَاَجْمِلُوْا فِی الطَّلَبِ فَاِنَّ نَفْسًا لَنْ تَمُوْتَ حَتّٰى تَسْتَوْفِيَ رِزْقَهَا وَاِنْ اَبْطَاَ عَنْهَا، فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَجْمِلُوْا فِی الطَّلَبِ خُذُوْا مَا حَلَّ وَدَعُوْا مَا حَرُمَ
(د) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَرِزْقًا طَیِّبًا وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا

**سوال نمبر 6: درج ذیل میں سے کوئی سی دو شخصیات پر مختصر نوٹ لکھیں: (5+5=10)**

(الف) حضرت امام زین العابدین رحمۃ اللہ علیہ
(ب) حضرت اسماء بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہما
(ج) حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
(د) حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

**سوال نمبر 7: درج ذیل میں سے کوئی سے دو سوالات کے تفصیلی جواب دیجیے: (10+10=20)**

(i) جمع و تدوینِ قرآن مجید کی تفصیل بیان کریں۔
(ii) عقیدۂ آخرت پر جامع نوٹ لکھیں۔
(iii) وصالِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم پر جامع نوٹ تحریر کریں۔
(iv) اسلامی تعلیمات کی روشنی میں سود کی حرمت پر مضمون تحریر کریں۔

Web version of PCTB Model Paper

CamScanner